Phone call between Prime Minister Shri Narendra Modi and H.E. Ursula von der Leyen, President of the European Commission

May 03, 2021

کی کمیشن یوروپی اور مودی نریندر جناب اعظم وزیر
گفتگو پر فون ٹیلی درمیان کے لیئن ڈیر وان اُرسولا لینسی ایکسی ہر صدر،

03 مئی، 2021

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج یوروپی کمیشن کی صدر ہر ایکسی لینسی اُرسولا وان ڈیر لیئن کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

دونوں لیڈران نے کووڈ-19 کی دوسری لہر پر قابو پانے کے لیے بھارت کے ذریعہ کی جا رہی کوششوں سمیت بھارت اور یوروپی یونین میں کووڈ-19 کی موجودہ صورتحال کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔ وزیراعظم جناب نریندر مودی نے کووڈ-19 کی دوسری لہر کے خلاف بھارت کی لڑائی میں فوری تعاون فراہم کرنے کے لیے یوروپی یونین اور اس کے ممبر ممالک کی تعریف کی۔

دونوں لیڈران نے اس حقیقت کو اجاگر کیا کہ پچھلے سال جولائی میں منعقد ہند-یوروپی یونین چوٹی کانفرنس کے بعد سے باہمی اسٹریٹیجک شراکت داری میں نئے سرے سے تیزی آئی ہے۔ دونوں لیڈران نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ہند-یوروپی یونین کے لیڈران کی 8 مئی 2021 کو ورچوئل طریقے سے ہونے والی آئندہ میٹنگ ہند-یوروپی یونین کے درمیان پہلے سے ہی چلے آ رہے کثیر جہتی تعلقات کو نئے سرے سے رفتار عطا کرنے کا ایک اہم موقع ہے۔

ہند-یوروپی یونین کے لیڈران کی آئندہ میٹنگ یوروپی یونین + 27 کی طرز پر ہونے والی پہلی میٹنگ ہوگی اور یہ ہند-یوروپی یونین کے درمیان اسٹریٹیجک شراکت داری کو اور مضبوط بنانے کی دونوں فریقین کی مشترکہ آرزو کو ظاہر کرتی ہے۔

نئی دہلی

03 مئی، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.